نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور 21

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت توسیع ضلع اوکاڑہ کے زیر انتظام گندم کے پیداواری مقابلہ برائے سال 24-2023 میں ضلع بھر میں اول، دوم اور سوم پوزیشن حاصل کرنے والے زمینداران میں انعامی چیک کی تقسیم کی تقریب میں سید عاشق حسین کرمانی صوبائی وزیر زراعت پنجاب کی بطور مہمان خصوصی شرکت

لاہور: 07 جولائی 2024: محکمہ زراعت توسیع ضلع اوکاڑہ کے زیر انتظام زیادہ گندم اگاؤ مہم کے تحت ہونے والے پیداواری مقابلہ برائے گندم 24-2023 کے پوزیشن حاصل کرنے والے کاشتکاروں میں انعامی چیک تقسیم کرنے کی تقریب منعقد کی گئی جس میں صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے خصوصی شرکت کی اور کاشتکاروں میں انعامی چیک تقسیم کیے۔ اس موقع پر جناب چوہدری شہباز اختر ڈائریکٹر زراعت توسیع ساہیوال ڈویژن ساہیوال، محمد اعجاز ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع ضلع اوکاڑہ اور ڈاکٹر محمد آصف رفیق اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع دیپالپور موجود تھے۔ ان کے علاوہ ضلع اوکاڑہ کے ترقی پسند کاشتکاران اور دیگر معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے اس تقریب میں شرکت کی۔ محکمہ زراعت حکومت پنجاب نے اس پیداواری مقابلہ میں گندم کی زیادہ پیداوار حاصل کرنے والے کاشتکاروں کے لیے پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والوں کیلئے بالترتیب 3 لاکھ، 2 لاکھ اور 1 لاکھ روپے کی انعامی رقم کا اعلان کر رکھا تھا۔ اس مقابلہ میں چوہدری علی نواز ولد اللہ دتہ سکنہ شیر گڑھ تحصیل دیپالپور نے 69.989 من فی ایکڑ پیداوار حاصل کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی اور مبلغ 3 لاکھ روپے انعامی رقم کے حق دار ٹھہرے، منیب اختر لاشاری ولد اختر علی خان لاشاری سکنہ بامہ بالا تحصیل رینالہ خورد نے 69.0938 من فی ایکڑ پیداوار حاصل کر کے دوسری پوزیشن حاصل کی اور مبلغ 2 لاکھ روپے انعامی رقم کے حق دار رہے اور حماد احمد ولد ریاست علی سکنہ چک نمبر 51/3R تحصیل اوکاڑہ نے 68.885 من فی ایکڑ پیداوار حاصل کرتے ہوئے تیسری پوزیشن حاصل کی اور مبلغ 1 لاکھ روپے انعامی رقم حاصل کی

اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کامیاب کاشتکاروں کو مبارک دی اور محکمہ زراعت توسیع ساہیوال ڈویژن ساہیوال کی پوری ٹیم کی علاقہ کے کسانوں کی فلاح و بہبود کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو سراہا انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کے ویژن کے مطابق کاشتکاروں کے لیے 400 ارب روپے کے میگا پروجیکٹس شروع کیے گئے ہیں جس کے تحت گرین ٹریکٹر سکیم، پنجاب کسان کارڈ کا اجراء، مالی اعانت پر زرعی آلات کی فراہمی، کھادوں اور بیجوں پر سبسڈی شروع کی جارہی ہیں جس سے نہ صرف کسان مستفید ہو گا بلکہ ملک بھی ترقی کی راہ پر گامزن ہو گا

**